قارئین

افکار و تاثرات

مولانا عبدالقدوس گنگوہیؒ کی لطائف قدوسیہ الحق میں پروفیسر محمد اسلم صاحب صدر شعبۂ تاریخ پنجاب یونیورسٹی لاہور کا مقالہ مولانا عبدالقدوس گنگوہیؒ کے زیر عنوان شائع ہوا، اس مضمون کے بہت سے مندرجات جو حضرت گنگوہیؒ کی شان کے خلاف تھے، اور مسلک حق سے بھی ہٹے ہوئے تھے، مثلاً مجذوب کے ہاتھ سے شراب لے کر پینا وغیرہ۔ اس پر بجا طور پر بہت سے قارئین نے اعتراض کیا اور ہمیں خطوط لکھ کر توجہ دلائی۔ مقالہ نگار کی ادبی اور علمی ثقاہت اور شہرت کے اعتماد پر اشاعت سے قبل مدیر کو اسفار و مصروفیات کی وجہ سے مقالہ کا مسودہ پڑھنے کا موقع نہ مل سکا۔ ورنہ ایسی نامناسب باتیں ہرگز شائع نہ ہوتیں۔ ہمیں نہایت افسوس ہے اور ہم اللہ تعالیٰ سے اس لغزش پر عفو و درگذر کے طلب گار ہیں۔

مرزائیوں کی ہرزہ سرائی مرزائیوں کا لب و لہجہ تیزی کیطرف جا رہا ہے، مرزائی پرچے علماء اسلام، مملکت اور آئین کے خلاف بے جا حملے کرتے رہتے ہیں۔ تازہ مثال مرزائی ہفت روزہ لاہور کا شمارہ ۱۱ تا ۱۷ فروری ۱۹۷۹ء ہے جس میں علماء اسلام کے خلاف گستاخانہ زہر اگلا گیا ہے۔ علماء کرام اور مذہبی پرچوں کا ایسے مضامین کا بروقت نوٹس لینا چاہیئے۔

عبدالرحمان یعقوب باوا مجلس تحفظ ختم نبوت۔ کراچی

ہمارے ملک میں ایسی ٹافیاں بک رہی ہیں جن پر کلمہ طیبہ کا غذوں پر لکھا ہوتا ہے جو سراسر توہین ہے۔ یہ اسلام دشمن عناصر کی در پردہ سازش ہے، اس کے خلاف سخت اقدامات ہونے چاہئیں اسی طرح اخبار رسائل کتابیں ردی میں فروخت کرنے پر مکمل پابندی لگائی جائے جس سے اللہ اور رسول کی توہین ہوتی ہے۔

محمد نصیر خان مردان